سلسلۂ اَربعینات

چالیس اَحادیثِ مبارکہ

اَلإِکْرَام فِي فَضْلِ شَهْرِ الصِّيَام

ماہِ رمضان کے فضائل

شیخ الاسلام الدکتور محمد طاہر القادری

منہاج القرآن پبلیکیشنز

سلسلۂ اَربعينات

چالیس اَحادیثِ مبارکہ

اَلْاِکْرَامُ

فِي

فَضْلِ شَهْرِ الصِّيَامِ

﴿ماہِ رمضان کے فضائل﴾

تألیف

شیخ الاسلام الدکتور محمد طاہر القادری

منہاجُ القرآن پبلیکیشنز

365-ایم، ماڈل ٹاؤن، لاہور، فون :8514 3516، 111-140-140(+92-42)

یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور، فون: 37237695 (42-92+)

www.Minhaj.org - www.Minhaj.biz

جملہ حقوق بحقِ تحریکِ منہاج القرآن محفوظ ہیں

نام کتاب : اَلْإِكْرَام فِي فَضْلِ شَهْرِ الصِّيَام

﴿ماہِ رمضان کے فضائل﴾

تالیف : شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری

معاونِ ترجمہ و تخریج : محمد تاج الدین کالامی

اِہتمامِ اشاعت : فریدِ ملّتؒ رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ Research.com.pk

مطبع : منہاجُ القرآن پرنٹرز، لاہور

اِشاعتِ اَوّل : جولائی 2012ء

تعداد : 1,200

قیمت : -/40 روپے

❁ ❁ ❁

نوٹ: شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تصانیف اور خطبات و لیکچرز کی کیسٹس اور CDs و DVDs سے حاصل ہونے والی جملہ آمدنی اُن کی طرف سے ہمیشہ کے لیے **تحریکِ منہاجُ القرآن** کے لیے وقف ہے۔
(ڈائریکٹر منہاجُ القرآن پبلی کیشنز)

fmri@research.com.pk

بسم الله الرحمن الرحیم

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا

عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ

وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

﴿صَلَّى اللهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ بَارَکَ وَسَلَّمَ﴾

حکومتِ پنجاب کے نوٹیفکیشن نمبر ایس او (پی۔۱) ۴-۱/ ۸۰ پی آئی وی، مؤرّخہ ۳۱ جولائی ۱۹۸۴ء؛ حکومتِ بلوچستان کی چٹھی نمبر ۸۷-۴-۲۰ جنرل و ایم ۴/ ۰-۹۷۰-۳-۷، مؤرّخہ ۲۶ دسمبر ۱۹۸۷ء؛ حکومت شمال مغربی سرحدی صوبہ کی چٹھی نمبر ۲۴۴۱۱-۶۷ این۔۱/ اے ڈی (لائبریری)، مؤرّخہ ۲۰ اگست ۱۹۸۶ء؛ اور حکومتِ آزاد ریاست جموں و کشمیر کی چٹھی نمبر س ت/ اِنتظامیہ ۲۳-۸۰۶۱/ ۹۲، مؤرّخہ ۲ جون ۱۹۹۲ء کے تحت شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی تصنیف کردہ کتب تمام تعلیمی اِداروں کی لائبریریوں کے لیے منظور شدہ ہیں۔

حرفِ آغاز

یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کرلینی چاہیے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کا ہر حکم شریعت اور آپ ﷺ کا ہر قول و عمل اِسلام ہے اور اس کی مخالفت کفر ہے۔ اسی لیے قرآنِ مجید میں آپ ﷺ کی نسبت یہ حکم وارد ہوا ہے:

وَمَآ اٰتٰـکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰکُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا.

(الحشر، ۵۹: ۷)

''اور جو کچھ رسول (ﷺ) تمہیں عطا فرمائیں اُسے لے لیا کرو اور جس سے تمہیں منع فرمائیں (اُس سے) رُک جایا کرو۔''

قرآنِ حکیم کے بعد ہمارے لیے ہدایت و رہنمائی کا سرچشمہ سرورِ کائنات ﷺ کی احادیث مقدسہ ہیں جس کے مبلغ کے لیے رحمتِ عالم ﷺ نے خصوصی دعا فرمائی ہے: ﴿**نَضَّرَ اللهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا حَدِيْثًا، فَحَفِظَهُ حَتّٰى يُبَلِّغَهُ غَيْرَهُ**﴾ ''اللہ تعالیٰ اُس مردِ مومن کو رونق و تازگی بخشے جس نے میری حدیث سنی، پھر اسے یاد رکھا اور بعینہٖ اُسے آگے پہنچایا۔'' (جامع ترمذی)

چنانچہ حضور نبی اکرم ﷺ کی اِس مبارک دعا کا مصداق بننے اور دنیوی و اُخروی برکات سمیٹنے کے لیے ہر دور میں ائمہ کرام نے اپنے اپنے ذوقِ علمی اور اس دور کی ضرورت کے مطابق مختلف موضوعات پر چالیس احادیث کے مجموعے مرتب کیے ہیں۔

شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری مدظلہ العالی دورِ حاضر کے عظیم محدث، مجدد اور سچے عاشقِ رسول ﷺ ہیں۔ آپ پوری اُمتِ مسلمہ کو حضور نبی اکرم ﷺ سے محبت جیسی سعادت و نعمت سے آشنا کروانا وقت کی اہم ایمانی ضرورت سمجھتے ہیں۔ آپ شب وروز اسی فکر میں لگے رہتے ہیں کہ امت کا ہر فرد حضور نبی اکرم ﷺ کے کمالاتِ معنوی اور جمالِ ظاہری سے ذہناً اور قلباً وابستہ ہو جائے۔ علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ امتیاز عطا فرمایا ہے کہ آپ نے اُمت کے ہر مرض کے اَسباب کی نہ صرف درست تشخیص کی بلکہ اس کا مناسب علاج بھی تجویز فرمایا۔ آپ نے دورِ جدید کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے عوام و خواص دونوں کی علمی و فکری رہنمائی اور عقیدہ و عمل کی پختگی کے لیے احادیث مبارکہ سے خوب استفادہ کیا اور ۱۰۰ کے قریب چھوٹے بڑے مجموعہ ہائے احادیث مرتب کیے۔

زیرِ نظر اَربعین 'ماہِ رمضان کے فضائل' سے متعلق ہے جس میں ۴۱ اَحادیث مبارکہ مع اُردو ترجمہ و کامل تحقیق و تخریج اور ضروری شرح جمع کی گئی ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں حضور تاجدار کائنات ﷺ کے اِرشاداتِ عالیہ کو حرزِ جاں بنانے، انہیں عام کرنے اور پوری امت کو عملاً ان سے مستفیض ہونے کی توفیق مرحمت فرمائے۔ (آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ)

(محمد تاج الدین کالامی)

رِیسرچ اِسکالر

فریدِ ملّتؒ رِیسرچ اِنسٹی ٹیوٹ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلْآیَاتُ الْقُرْآنِیَّةُ

۱. یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الصِّیَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى
الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ اَیَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ
مَّرِیْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ ؕ وَعَلَى الَّذِیْنَ یُطِیْقُوْنَهٗ فِدْیَةٌ
طَعَامُ مِسْكِیْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَیْرًا فَهُوَ خَیْرٌ لَّهٗ ؕ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ
لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیْۤ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى
لِّلنَّاسِ وَبَیِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ
فَلْیَصُمْهُ ؕ وَمَنْ كَانَ مَرِیْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ ؕ یُرِیْدُ
اللّٰهُ بِكُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ
عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ (البقرة، ۲: ۱۸۳-۱۸۵)

''اے ایمان والو! تم پر اسی طرح روزے فرض کیے گئے ہیں جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔ (یہ) گنتی کے چند دن (ہیں) پس اگر تم میں سے کوئی بیمار ہو یا سفر پر ہو تو دوسرے دنوں (کے روزوں)

سے گنتی پوری کر لے، اور جنہیں اس کی طاقت نہ ہو ان کے ذمے ایک مسکین کے کھانے کا بدلہ ہے، پھر جو کوئی اپنی خوشی سے (زیادہ) نیکی کرے تو وہ اس کے لیے بہتر ہے، اور تمہارا روزہ رکھ لینا تمہارے لیے بہتر ہے اگر تمہیں سمجھ ہو۔ رمضان کا مہینہ (وہ ہے) جس میں قرآن اتارا گیا ہے جو لوگوں کے لیے ہدایت ہے اور (جس میں) رہنمائی کرنے والی اور (حق و باطل میں) امتیاز کرنے والی واضح نشانیاں ہیں، پس تم میں سے جو کوئی اس مہینہ کو پا لے تو وہ اس کے روزے ضرور رکھے اور جو کوئی بیمار ہو یا سفر پر ہو تو دوسرے دنوں (کے روزوں) سے گنتی پوری کرے، اللہ تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے اور تمہارے لیے دشواری نہیں چاہتا، اور اس لیے کہ تم گنتی پوری کر سکو اور اس لیے کہ اس نے تمہیں جو ہدایت فرمائی ہے اس پر اس کی بڑائی بیان کرو اور اس لیے کہ تم شکر گزار بن جاؤo‘‘

٢. اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ ط هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ط عَلِمَ اللهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ ج فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللهُ لَكُمْ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ج وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِي الْمَسٰجِدِ ط تِلْكَ حُدُوْدُ اللهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ط كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللهُ

اٰیٰتِہٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَتَّقُوْنَ○ (البقرۃ،۲: ۱۸۷)

’’تمہارے لیے روزوں کی راتوں میں اپنی بیویوں کے پاس جانا حلال کر دیا گیا ہے، وہ تمہاری پوشاک ہیں اور تم ان کی پوشاک ہو، اللہ کو معلوم ہے کہ تم اپنے حق میں خیانت کرتے تھے سو اس نے تمہارے حال پر رحم کیا اور تمہیں معاف فرما دیا، پس اب (روزوں کی راتوں میں بے شک) ان سے مباشرت کیا کرو اور جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے چاہا کرو اور کھاتے پیتے رہا کرو یہاں تک کہ تم پر صبح کا سفید ڈورا (رات کے) سیاہ ڈورے سے (الگ ہو کر) نمایاں ہو جائے، پھر روزہ رات (کی آمد) تک پورا کرو، اور عورتوں سے اس دوران شب باشی نہ کیا کرو جب تم مسجدوں میں اعتکاف بیٹھے ہو، یہ اللہ کی (قائم کردہ) حدیں ہیں پس ان (کے توڑنے) کے نزدیک نہ جاؤ، اسی طرح اللہ لوگوں کے لیے اپنی آیتیں (کھول کر) بیان فرماتا ہے تاکہ وہ پرہیزگاری اختیار کریں○‘‘

اَلْأَحَادِيْثُ النَّبَوِيَّةُ

١. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ فُتِّحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ جَهَنَّمَ وَسُلْسِلَتِ الشَّيَاطِينُ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

وَفِي رِوَايَةٍ: فُتِّحَتْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ.

وَفِي رِوَايَةٍ: فُتِّحَتْ أَبْوَابُ الرَّحْمَةِ.

’’حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

١: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب بدء الخلق، باب صفة إبليس وجنوده، ٣/١١٩٤، الرقم: ٣١٠٣، وفي كتاب الصوم، باب هل يقال رمضان أو شهر رمضان ومن رأى كله واسعا وقال النبي ﷺ: من صام رمضان وقال: لا تقدموا رمضان، ٢/٦٧٢، الرقم: ١٨٠٠، ومسلم في الصحيح، كتاب الصيام، باب فضل شهر رمضان، ٢/٧٥٨، الرقم: ١٠٧٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٢٨١، الرقم: ٧٧٦٧،٧٧٦٨، والنسائي في السنن، كتاب الصيام، باب ذكر الاختلاف على الزهري فيه، ٤/١٢٦، ١٢٨، الرقم: ٢٠٩٧، ٢١٠١۔

فرمایا: جب رمضان المبارک شروع ہوتا ہے تو جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور شیطانوں کو زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا ہے۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

اور ایک روایت میں ہے: ''آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔''

اور ایک روایت میں ہے: ''رحمت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔''

قَالَ الْعَسْقَلَانِيُّ: وَعِبَارَتُهُ: فُتِّحَتْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ، كِنَايَةٌ عَنْ تَنَزُّلِ الرَّحْمَةِ وَإِزَالَةُ الْغَلْقِ عَنْ مَصَاعِدِ أَعْمَالِ الْعِبَادِ تَارَةً بِبَذْلِ التَّوْفِيْقِ وَأُخْرٰى بِحُسْنِ الْقَبُوْلِ، وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ جَهَنَّمَ كِنَايَةٌ عَنْ تَنَزُّهِ أَنْفُسِ الصُّوَّامِ عَنْ رِجْسِ الْفَوَاحِشِ وَالتَّخَلُّصِ مِنَ الْبَوَاعِثِ عَنِ الْمَعَاصِي بِقَمْعِ الشَّهَوَاتِ. (١)

''حافظ عسقلانی کہتے ہیں: حدیث مبارکہ کی یہ عبارت کہ آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، یہ کنایہ ہے اللہ کی رحمت کے نازل ہونے اور بندوں کے اعمال کی بلندی میں حائل رکاوٹ کے ازالہ سے جو کبھی توفیق مہیا کرنے کے ذریعے ہوتا ہے اور کبھی حسنِ قبول کے ساتھ۔ اور جہنم کے دروازے بند ہونے سے مراد ہے: روزے داروں کے نفوس کو فواحش کی پلیدی سے بچاؤ اور نفسانی

(١) العسقلاني، فتح الباري، ٤: ١١٤۔

خواہشات کے قلع قمع کے ذریعے نافرمانی کا سبب بننے والی چیزوں سے خلاصی۔‘‘

قَالَ الْعَيْنِيُّ: فَإِنْ قُلْتَ: قَدْ تَقَعُ الشُّرُوْرُ وَالْمَعَاصِي فِي رَمَضَانَ كَثِيْرًا، فَلَوْ سُلْسِلَتْ لَمْ يَقَعْ شَيْءٌ مِنْ ذٰلِكَ. قُلْتُ: هٰذَا فِي حَقِّ الصَّائِمِيْنَ الَّذِيْنَ حَافَظُوْا عَلَى شُرُوْطِ الصَّوْمِ وَرَاعُوْا آدَابَهُ. وَقِيْلَ: الْمُسَلْسَلُ بَعْضُ الشَّيَاطِيْنِ وَهُمُ الْمَرَدَةُ لَا كُلُّهُمْ كَمَا تَقَدَّمَ فِي بَعْضِ الرِّوَايَاتِ وَالْمَقْصُوْدُ تَقْلِيْلُ الشُّرُوْرِ فِيْهِ، وَهٰذَا أَمْرٌ مَحْسُوْسٌ. فَإِنَّ وُقُوْعَ ذٰلِكَ فِيْهِ أَقَلُّ مِنْ غَيْرِهٖ. وَقِيْلَ لَا يَلْزِمُ مِنْ تَسَلْسُلِهِمْ وَتَصْفِيْدِهِمْ كُلِّهِمْ أَنْ لَا تَقَعَ شُرُوْرٌ وَلَا مَعْصِيَةٌ لِأَنَّ لِذٰلِكَ أَسْبَابًا غَيْرَ الشَّيَاطِيْنِ كَالنُّفُوْسِ الْخَبِيْثَةِ وَالْعَادَاتِ الْقَبِيْحَةِ وَالشَّيَاطِيْنِ الْإِنْسِيَةِ.(۱)

’’علامہ عینی کہتے ہیں: اگر آپ یہ کہیں کہ رمضان میں گناہ اور برائیاں کثرت سے واقع ہوتی ہیں۔ اگر شیطانوں کو باندھ دیا جاتا تو اس طرح کی کوئی چیز رونما نہ ہوتی۔ تو میں کہوں گا کہ یہ اَمر (گناہ کا واقع نہ ہونا) اُن روزے داروں کے لئے ہے جنہوں نے روزوں کی شرائط کی حفاظت اور اُن کے آداب کی پاسداری کی

(۱) العيني، عمدة القاري، ۱۰: ۲۷۰

ہے۔ اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ کچھ شیاطین کو جکڑا جاتا ہے جو نہایت سرکش ہوتے ہیں، نہ کہ سارے (شیاطین کو جکڑا جاتا ہے) جیسا کہ بعض پہلی روایات میں ذکر ہوا ہے۔ اس سے مراد گناہوں کا کم ہونا ہے جو کہ ایک حسی بات ہے۔ اس مہینہ میں گناہوں کا وقوع باقی مہینوں کی نسبت کم ہوتا ہے۔ اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ تمام شیاطین کو جکڑنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ گناہ اور برائیاں بالکل وقوع پذیر نہ ہوں کیونکہ شیاطین کے علاوہ خبیث نفوس، بری عادات اور انسانی شیاطین کی وجہ سے بھی گناہ سرزد ہوتے رہتے ہیں۔‘‘

٢. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ قَالَ: إِذَا كَانَ أَوَّلُ لَيْلَةٍ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ، صُفِّدَتِ الشَّيَاطِينُ، وَمَرَدَةُ الْجِنِّ، وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ النَّارِ، فَلَمْ يُفْتَحْ مِنْهَا بَابٌ، وَفُتِحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ، فَلَمْ يُغْلَقْ مِنْهَا بَابٌ، وَيُنَادِي مُنَادٍ: يَا بَاغِيَ الْخَيْرِ، أَقْبِلْ، وَيَا بَاغِيَ الشَّرِّ،

٢: أخرجه الترمذي في السنن، كتاب الصوم، باب ما جاء في فضل شهر رمضان، ٣/٦٦، الرقم: ٦٨٢، وابن ماجه في السنن، كتاب الصيام، باب ما جاء في فضل شهر الرمضان، ١/٥٢٦، الرقم: ١٦٤٢، والحاكم في المستدرك، ١/٥٨٢، الرقم: ١٥٣٢، وابن حبان في الصحيح، ٨/٢٢١، الرقم: ٣٤٣٥، والبيهقي في السنن الكبرى، ٤/٣٠٣، الرقم: ٨٢٨٤-

أَقْصِرْ. وَ لِلّٰهِ عُتَقَاءُ مِنَ النَّارِ، وَذٰلِکَ فِي کُلِّ لَيْلَةٍ.

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَه وَالْحَاکِمُ.

’’حضرت ابو ہریرہ ﷺ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے تو شیطان اور سرکش جنات باندھ دیے جاتے ہیں، دوزخ کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور ان میں سے کوئی دروازہ نہیں کھولا جاتا۔ جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور ان میں سے کوئی دروازہ بند نہیں کیا جاتا اور منادی کرنے والا آواز دیتا ہے: اے خیر کے متلاشی! آگے آ، اور اے شر کے متلاشی! رک جا۔ اور یوں اللہ تعالیٰ کئی لوگوں کو جہنم سے آزاد کر دیتا ہے اور رمضان کی ہر رات ایسا ہی ہوتا ہے۔‘‘

اس حدیث کو امام ترمذی، ابن ماجہ اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

قَالَ الْمُلَّا عَلِيُّ الْقَارِي: وَلَعَلَّ طَاعَةَ الْمُطِيْعِيْنَ وَتَوْبَةَ الْمُذْنِبِيْنَ وَرُجُوْعَ الْمُقَصِّرِيْنَ فِي رَمَضَانَ مِنْ أَثَرِ النِّدَاءَيْنِ، وَنَتِيْجَةِ إِقْبَالِ اللهِ تَعَالٰی عَلَی الطَّالِبِيْنَ. وَلِهٰذَا تَرٰی أَکْثَرَ الْمُسْلِمِيْنَ صَائِمِيْنَ حَتَّی الصِّغَارِ الْجَوَارِي بَلْ غَالِبِهِمُ الَّذِيْنَ يَتْرُکُوْنَ الصَّلَاةَ يَکُوْنُوْنَ حِيْنَئِذٍ مُصَلِّيْنَ مَعَ أَنَّ الصَّوْمَ أَصْعَبُ مِنَ الصَّلَاةِ، وَهُوَ

يُوْجِبُ ضَعْفَ الْبَدَنِ الَّذِي يَقْتَضِي الْكَسَلَ عَنِ الْعِبَادَةِ وَكَثْرَةَ النَّوْمِ عَادَةً، وَمَعَ ذٰلِکَ تَرَی الْمَسَاجِدَ مَعْمُوْرَةً وَبِإِحْيَاءِ اللَّيَالِي مَغْمُوْرَةً، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ.(١)

’’ملا علی قاری کہتے ہیں: شاید رمضان میں اِطاعت گزاروں کی اِطاعت، گنہگاروں کی توبہ اور کوتاہی کرنے والوں کا رجوع (اِلی اللہ) اُن نداؤں کا اثر اور اللہ کریم کا اپنے طالبوں کی طرف متوجہ ہونے کی وجہ سے ہے۔ بایں وجہ تم اکثر مسلمانوں حتی کہ چھوٹے بچوں کو بھی روزے رکھتے دیکھتے ہو بلکہ وہ لوگ جو نماز نہیں پڑھتے تھے نماز پڑھتے نظر آتے ہیں باوجود اس کے کہ روزہ تو نماز سے بھی زیادہ مشکل عبادت ہے کیونکہ یہ جسمانی کمزوری کو لازم کرتا ہے جو عبادت سے غفلت کی متقاضی ہے، اور عادتاً نیند کی کثرت کا ذریعہ بنتی ہے، لیکن باوجود اس کے مساجد راتوں کو مکمل بھری اور شب بیداریوں سے لبریز نظر آتی ہیں۔ ساری تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور نیکی کرنے کی قوت نہیں ہے مگر اللہ تعالیٰ کی توفیق کے ساتھ۔‘‘

٣. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَتَاكُمْ رَمَضَانُ

---

(١) الملا علي القاري، مرقاة المفاتيح، ٤: ٣٩٢۔

٣: أخرجه النسائي في السنن، كتاب الصيام، باب ذكر الإختلاف على معمر فيه، ٤/١٢٩، الرقم: ٢١٠٦، وفي السنن الكبرى، ٢/٦٦، الرقم: ٢٤١٦، وابن أبي شيبة في المصنف، ٢/٢٧٠،ــــ

شَهْرٌ مُبَارَكٌ، فَرَضَ اللهُ ﷻ عَلَيْكُمْ صِيَامَهُ، تُفْتَحُ فِيهِ أَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَتُغْلَقُ فِيهِ أَبْوَابُ الْجَحِيمِ، وَتُغَلُّ فِيهِ مَرَدَةُ الشَّيَاطِينِ. لِلّٰهِ فِيهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ، مَنْ حُرِمَ خَيْرَهَا فَقَدْ حُرِمَ.

رَوَاهُ النَّسَائِيُّ وَابْنُ شَيْبَةَ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہارے پاس ماہِ رمضان المبارک آیا، اللہ تعالیٰ نے تم پر اس کے روزے فرض کیے ہیں۔ اس میں جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور سرکش شیاطین جکڑ دیئے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ (کی عبادت اور اس کی رضا حاصل کرنے) کے لیے اس ماہ میں ایک ایسی رات ہے جو ہزار راتوں سے افضل ہے، جو اس کے ثواب سے محروم کر دیا گیا وہ گویا ہر خیر سے ہی محروم کر دیا گیا۔'' اس حدیث کو امام نسائی اور ابن ابی شیبہ نے روایت کیا ہے۔

٤. عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِنَّ لِلّٰهِ عُتَقَاءَ فِي كُلِّ

الرقم: ٨٨٦٧، والديلمي في مسند الفردوس، ٢/١١٣، الرقم: ٢٥٩٤، وذكره المنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٦٠، الرقم: ١٤٩٢، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٣/١٤٠۔

٤: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٢/٢٥٤، الرقم: ٧٤٤٣ (عن أبي هريرة)، وابن شاهين في الترغيب فى فضائل الأعمال وثواب ذلك، ١/١٨٣، الرقم: ١٤٦۔

يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ عَبِيْدًا وَإِمَاءً يُعْتِقُهُمْ مِنَ النَّارِ، وَإِنَّ لِكُلِّ مُسْلِمٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ دُعَاءً مُسْتَجَابًا، يَدْعُوْ فَيَسْتَجِيْبُ لَهُ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ مُخْتَصَرًا وَابْنُ شَاهِيْنَ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت جابر ﷺ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ (رمضان المبارک میں) ہر روز و شب کئی غلام اور باندیاں جہنم سے آزاد کرتا ہے، اور بے شک (رمضان المبارک میں) ہر روز مسلمان کے لئے ایک دعا مقبول ہوتی ہے، وہ دعا مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے قبول فرماتا ہے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور ابن شاہین نے مذکورہ الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے۔

٥. عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ ﷺ: أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ يَوْمًا وَحَضَرَ رَمَضَانُ: أَتَاكُمْ رَمَضَانُ شَهْرُ بَرَكَةٍ، يَغْشَاكُمُ اللهُ فِيْهِ فَيُنْزِلُ الرَّحْمَةَ، وَيَحُطُّ الْخَطَايَا، وَيَسْتَجِيْبُ فِيْهِ الدُّعَاءَ، يَنْظُرُ اللهُ تَعَالٰى إِلٰى تَنَافُسِكُمْ فِيْهِ، وَيُبَاهِي بِكُمْ مَلَائِكَتَهُ، فَأَرُوا اللهَ مِنْ أَنْفُسِكُمْ

٥: أخرجه الطبراني في مسند الشاميين، ٣/٢٧١، الرقم: ٢٢٣٨، والمنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٦٠، الرقم: ١٤٩٠، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٣/١٤٢۔

خَيْرًا، فَإِنَّ الشَّقِيَّ مَنْ حُرِمَ فِيْهِ رَحْمَةَ اللهِ ﷻ.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَرُوَاتُهُ ثِقَاتٌ كَمَا قَالَ الْمُنْذِرِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ.

''حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دن فرمایا جبکہ رمضان المبارک شروع ہو چکا تھا: تمہارے پاس برکتوں والا مہینہ آ گیا ہے، اس میں اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی رحمت سے ڈھانپ لیتا ہے۔ رحمت نازل فرماتا ہے، گناہوں کو مٹاتا ہے اور دعائیں قبول فرماتا ہے۔ اس مہینہ میں اللہ تعالیٰ نیکی کی طرف تمہاری ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی عملی کوششوں کو دیکھتا ہے اور تمہاری وجہ سے اپنے فرشتوں کے سامنے فخر فرماتا ہے۔ لہٰذا تم اپنے قلب و باطن سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں نیکی پیش کرو کیونکہ بدبخت ہے وہ شخص جو اس ماہ میں بھی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے محروم کر دیا گیا۔''

اس حدیث کو امام طبرانی نے ثقہ راویوں سے روایت کیا ہے جیسا کہ امام منذری نے فرمایا ہے اور مذکورہ الفاظ بھی امام منذری کے ہیں۔

٦. عَنْ أَبِي مَسْعُوْدٍ الْغِفَارِيِّ رضی اللہ عنہ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ

٦: أخرجه البيهقي في شعب الإيمان، ٣/٣١٣، الرقم: ٣٦٣٤، وابن خزيمة في الصحيح، ٣/١٩٠، الرقم: ١٨٨٦، وذكره المنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٦٢، الرقم: ١٤٩٥۔

ذَاتَ يَوْمٍ وَأَهَلَّ رَمَضَانُ، فَقَالَ: لَوْ يَعْلَمُ الْعِبَادُ مَا رَمَضَانُ لَتَمَنَّتْ أُمَّتِي أَنْ يَكُونَ السَّنَةَ كُلَّهَا. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ.

''حضرت ابو مسعود غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، رمضان کا مہینہ شروع ہو چکا تھا کہ ایک دن انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اگر لوگوں کو رمضان کی رحمتوں اور برکتوں کا علم ہوتا تو میری امت تمنا کرتی کہ پورا سال رمضان ہی ہو۔'' اس حدیث کو امام بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

٧. عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہما قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ إِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ أَطْلَقَ كُلَّ أَسِيْرِهٖ وَأَعْطٰى كُلَّ سَائِلٍ.

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ.

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب رمضان المبارک کا مہینہ شروع ہوتا ہے تو آپ ﷺ تمام قیدیوں کو رہا فرما دیتے اور ہر سائل کو عطا فرماتے۔'' اس حدیث کو امام بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے۔

٧: أخرجه البيهقي في شعب الإيمان، ٣/٣١١، الرقم: ٣٦٢٩، وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد، ٣/١٥٠، والشعراني في الطبقات الكبرى، ١/٣٧٧، وابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق، ٤/٢٥۔

قَالَ السُّيُوْطِيُّ: وَأَعْطٰى كُلَّ سَائِلٍ. فَإِنَّهٗ كَانَ أَجْوَدَ مَا يَكُوْنُ فِي رَمَضَانَ، وَفِيْهِ نَدْبُ عِتْقِ الْأُسَارٰى عِنْدَ إِقْبَالِ رَمَضَانَ، وَالتَّوْسِعَةِ عَلَى الْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِيْنَ.(١)

''امام سیوطی نے کہا: حضور نبی اکرم ﷺ ہر مانگنے والے کو عطا فرماتے مگر رمضان میں تو آپ ﷺ سب سے زیادہ بڑھ کر عطا کرنے والے ہوتے اوراس (مہینہ) کے آنے پر قیدیوں کو رہا کرنا اور فقراء و مساکین پر خرچ میں وسعت لانا مستحب اور پسندیدہ (مندوب) ہے۔''

قَالَ الْمُلَّا عَلِيُّ الْقَارِي: وَأَعْطٰى كُلَّ سَائِلٍ أَيْ زِيَادَةٌ عَلٰى مُعْتَادِهٖ، وَإِلَّا فَلَا كَانَ عِنْدَهٗ لَا فِي غَيْرِ رَمَضَانَ أَيْضاً. فَقَدْ جَاءَ فِي صَحِيْحِ مُسْلِمٍ: إِنَّهٗ مَا سُئِلَ شَيْئاً إِلَّا أَعْطَاهُ فَجَاءَهٗ رَجُلٌ فَأَعْطَاهُ غَنَماً بَيْنَ جَبَلَيْنِ فَرَجَعَ إِلٰى قَوْمِهٖ، فَقَالَ: يَا قَوْمُ، أَسْلِمُوْا فَإِنَّ مُحَمَّداً يُعْطِي عَطَاءَ مَنْ لَا يَخْشَى الْفَقْرَ. وَرَوَى الْبُخَارِيُّ مِنْ حَدِيْثِ جَابِرٍ مَا سُئِلَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ عَنْ شَيءٍ قَطُّ فَقَالَ: لَا.

وَكَذَا عِنْدَ مُسْلِمٍ أَيْ مَا طُلِبَ مِنْهُ شَيءٌ مِنْ أَمْرِ الدُّنْيَا

(١) السيوطي، الشمائل الشريفة، ١: ١٤٢

فَمَنَعَهٗ. قَالَ الْفَرَزْدَقُ:

مَا قَالَ لَا قَطُّ إِلَّا فِي تَشَهُّدِهٖ
لَوْلَا التَّشَهُّدُ كَانَتْ لَاؤُهٗ نَعَمُ

قَالَ الشَّيْخُ عِزُّ الدِّيْنِ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ: مَعْنَاهُ لَمْ يَقُلْ لَا مَنْعاً لِلْعَطَاءِ. وَلَا يَلْزَمُ مِنْ ذٰلِکَ أَنَّ لَا يَقُوْلُهَا اعْتِذَاراً كَمَا فِي قَوْلِهٖ تَعَالٰی: ﴿قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُکُمْ عَلَيْهِ﴾ (التوبة، ٩:٩٢) وَلَا يَخْفَى الْفَرْقُ بَيْنَ قَوْلِ ﴿لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُکُمْ﴾ وبَيْنَ لَآ اَحْمِلُکُمْ ...... وَفِي حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ عِنْدَ الشَّيْخَيْنِ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ ﷺ أَجْوَدَ النَّاسِ وَأَجْوَدَ مَا يَكُوْنُ فِي رَمَضَانَ، حِيْنَ يَلْقَاهُ جِبْرِيْلُ فَيُدَارِسُهُ الْقُرْآنَ فَلَرَسُوْلُ اللهِ ﷺ حَيْنَ يَلْقَاهُ جِبْرِيْلُ أَجْوَدُ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيْحِ الْمُرْسَلَةِ.(١)

”ملا علی قاری نے فرمایا: وَأَعْطٰی کُلَّ سَائِلٍ سے مراد یہ ہے کہ آپ ﷺ (رمضان شریف میں) اپنی عام عادت مبارکہ سے بھی زیادہ عطا فرماتے، اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ ﷺ رمضان کے علاوہ عطا نہ کرتے، بلکہ صحیح مسلم میں تو یہاں

(١) الملا علي القاري، مرقاة المفاتيح، ٤: ٣٩٩-٤٠٠۔

تک ہے کہ آپ ﷺ سے جو کچھ بھی مانگا گیا تو آپ ﷺ نے عطا فرمایا۔ آپ ﷺ کے پاس ایک شخص آیا تو آپ ﷺ نے دو پہاڑوں کے درمیان جتنا ریوڑ آ سکتا تھا اس کو عطا فرمایا۔ پھر وہ اپنی قوم کی طرف لوٹا اور کہنے لگا: اے میری قوم! پیارے مصطفیٰ ﷺ پر ایمان لے آؤ کیونکہ جب وہ عطا فرماتے ہیں تو اس کے بعد کسی غربت وفقیری کا اندیشہ باقی نہیں رہتا۔ امام بخاری نے حدیث جابر رضی اللہ عنہ کو روایت فرمایا ہے کہ آپ ﷺ سے جو کچھ سوال کیا گیا آپ ﷺ نے کبھی لفظ 'نہیں' نہ فرمایا۔''

''اسی طرح امام مسلم نے بھی بیان فرمایا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے دنیاوی معاملات میں کوئی بھی سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے کبھی لفظ 'نہیں' نہ فرمایا۔ فرزدق شاعر نے کیا خوب کہا:

''حضور نبی اکرم ﷺ نے تشہد کے علاوہ کبھی بھی لفظ 'نہیں' نہ فرمایا، اگر تشہد نہ ہوتا تو آپ ﷺ کا لفظ 'نہیں' بھی 'ہاں' ہوتا۔''

''شیخ عز الدین بن عبد السلامؒ نے فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ نے کبھی بھی عطا روکنے کے لئے لفظ 'نہیں' نہ فرمایا، اس کا یہ مطلب یہ بھی نہیں کہ حضور ﷺ نے کسی اور معنی کے لئے اعتذاراً بھی لفظ 'نہیں' نہ فرمایا ہو بلکہ فرمایا ہے (مگر اس کا سیاق و سباق کچھ اور ہے)۔ جیسے اللہ پاک نے ارشاد فرمایا: ﴿آپ نے فرمایا: میں (بھی) کوئی (زائد سواری) نہیں پاتا ہوں جس پر تمہیں سوار کرسکوں﴾۔ اور ﴿مَآ اَحْمِلُکُمْ عَلَیْہِ﴾ اور لَآ اَحْمِلُکُم کے درمیان فرق پوشیدہ اور مخفی نہیں ہے۔ شیخین سے مروی

حدیثِ ابن عباس ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ سب سے زیادہ سخی تھے مگر آپ ﷺ رمضان میں تو سب سے بڑھ کر سخاوت فرماتے۔ جب حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ ﷺ کے ساتھ قرآن کو دہراتے تو آپ ﷺ بھلائی میں تیز و سخت ہوا سے بھی زیادہ سخاوت فرمانے والے ہوتے تھے۔‘‘

٨. عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی الله عنه، أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: إِنَّ الْجَنَّةَ تُزَخْرَفُ لِرَمَضَانَ مِنْ رَأْسِ الْحَوْلِ إِلٰى حَوْلِ الْقَابِلِ، قَالَ: فَإِذَا كَانَ أَوَّلُ يَوْمٍ مِنْ رَمَضَانَ هَبَّتْ رِيحٌ تَحْتَ الْعَرْشِ، نَشَرَتْ مِنْ وَرَقِ الْجَنَّةِ عَلَى الْحُوْرِ الْعِيْنِ فَيَقُلْنَ: يَا رَبِّ، اجْعَلْ لَنَا مِنْ عِبَادِكَ أَزْوَاجًا تَقَرُّ بِهِمْ أَعْيُنُنَا وَتَقَرُّ أَعْيُنُهُمْ بِنَا.

رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانِ وَاللَّفْظُ لَهُ.

’’حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جنت سال کے آغاز ہی سے اگلے سال تک رمضان المبارک کے لئے سجا دی جاتی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جب رمضان المبارک کا پہلا دن ہوتا ہے تو عرش کے نیچے سے

٨: أخرجه الطبراني في المعجم الأوسط، ٧/٤٤، الرقم: ٦٨٠٠، والبيهقي في شعب الإيمان، ٣/٣١٢، الرقم: ٣٦٣٣، وابن عساكر في تاريخ مدينة دمشق، ٨/١٠٨

ایک ہوا چلتی ہے جو جنت کے درختوں کے پتوں سے حورعین پر پھیل جاتی ہے۔ پس وہ حورعین یہ دعا مانگتی ہیں: اے اللہ! ہمارے لئے اپنے بندوں میں سے ایسے شوہر بنا جن سے ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ہم سے ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔‘‘

اس حدیث کو امام طبرانی اور بیہقی نے شعب الإیمان میں مذکورہ الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے۔

٩. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ، إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا، غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

’’حضرت ابوہریرہ ﷺ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص

٩: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الإيمان، باب صوم رمضان احتسابا من الإيمان، ١/٢٢، الرقم: ٣٨، ومسلم في الصحيح، كتاب صلاة المسافرين وقصرها، باب الترغيب في قيام رمضان وهو التراويح، ١/٥٢٣، الرقم: ٧٦٠، وأبوداود في السنن، كتاب الصلاة، باب في قيام شهر رمضان، ٢/٤٩، الرقم: ١٣٧٢، والنسائي في السنن، كتاب الصيام، باب ثواب من قام رمضان وصامه إيمانًا واحتسابا، ٤/١٥٧، الرقم: ٢٢٠٦، وابن ماجه في السنن، كتاب الصيام، باب ما جاء في فضل شهر رمضان، ١/٥٢٦، الرقم: ١٦٤١۔

بحالتِ ایمان ثواب کی نیت سے رمضان کے روزے رکھے گا اس کے سابقہ گناہ بخش دیئے جائیں گے۔‘‘ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

۱۰. عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ لِلّٰهِ ﷻ فِي كُلِّ لَيْلَةٍ مِنْ رَمَضَانَ سِتَّمِائَةِ أَلْفِ عَتِيْقٍ مِنَ النَّارِ، فَإِذَا كَانَ آخِرُ لَيْلَةٍ أَعْتَقَ بِعَدَدِ مَنْ مَضٰى.

رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي فَضَائِلِ الْأَوْقَاتِ، وَقَالَ: هٰكَذَا جَاءَ مُرْسَلاً.

’’امام حسن بصری سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ رمضان المبارک میں ہر رات چھ لاکھ لوگوں کو جہنم سے رہائی دیتا ہے اور جب آخری رات ہوتی ہے تو گزشتہ تمام راتوں میں رہا کردہ تعداد کے برابر مزید لوگوں کو جہنم سے خلاصی عطا فرماتا ہے۔‘‘

اس حدیث کو امام بیہقی نے **فضائل الأوقات** میں روایت کیا ہے اور کہا یہ حدیث مبارکہ اسی طرح مرسل روایت ہوئی ہے۔

۱۱. عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ بَابًا

۱۰: أخرجه البيهقي في فضائل الأوقات، ١/١٧١، الرقم: ٢٥، وذكره المنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٦٣، الرقم: ١٤٩٩۔

۱۱: أخرجه البخاري فى الصحيح، كتاب الصوم، باب الريان للصائمين، ـــ

يُقَالُ لَهُ الرَّيَّانُ، يَدْخُلُ مِنْهُ الصَّائِمُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، لَا يَدْخُلُ مِنْهُ أَحَدٌ غَيْرُهُمْ، يُقَالُ: أَيْنَ الصَّائِمُوْنَ؟ فَيَقُوْمُوْنَ لَا يَدْخُلُ مِنْهُ أَحَدٌ غَيْرُهُمْ، فَإِذَا دَخَلُوْا أُغْلِقَ، فَلَمْ يَدْخُلْ مِنْهُ أَحَدٌ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

وَفِي رِوَايَةٍ لِلتِّرْمِذِيِّ: وَمَنْ دَخَلَهُ، لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا.

''حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایک دروازہ ہے جسے ریّان کہا جاتا ہے۔ قیامت کے دن روزہ دار اس میں سے داخل ہوں گے اور اُن کے سوا اس دروازہ سے کوئی داخل نہیں ہوگا۔ کہا جائے گا: کہاں ہیں روزہ دار؟ پس وہ کھڑے ہو جائیں گے، ان کے علاوہ اس میں سے کوئی اور داخل نہیں ہو سکے گا۔ جب وہ داخل ہو جائیں گے تو اسے بند کردیا جائے گا، پھر کوئی اور اس سے داخل نہیں ہو سکے گا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

.... ٢/٦٧١، الرقم: ١٧٩٧، ومسلم في الصحيح، كتاب الصيام، باب فضل الصيام، ٢/٨٠٨، الرقم: ١١٥٢، وأحمد بن حنبل في المسند، ٥/٣٣٣، الرقم: ٢٢٨٦٩، والترمذي في السنن، كتاب الصوم، باب ما جاء في فضل الصوم، ٣/١٣٧، الرقم: ٧٦٥، والنسائي في السنن، كتاب الصيام، ذكر الاختلاف على محمد بن أبي يعقوب في حديث، ٤/١٦٨، الرقم: ٢٢٣٧، وابن ماجه في السنن، كتاب الصيام، باب ما جاء في فضل الصيام، ١/٥٢٥، الرقم: ١٦٤٠۔

اور امام ترمذی کی روایت میں یہ بھی ہے: ''اور جو اس میں داخل ہو گا، کبھی پیاسا نہ ہو گا۔''

١٢. عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو رضی اللہ عنہما، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: اَلصِّيَامُ وَالْقُرْآنُ يَشْفَعَانِ لِلْعَبْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يَقُوْلُ الصِّيَامُ: أَي رَبِّ، مَنَعْتُهُ الطَّعَامَ وَالشَّهَوَاتِ بِالنَّهَارِ فَشَفِّعْنِي فِيْهِ، وَيَقُوْلُ الْقُرْآنُ: مَنَعْتُهُ النَّوْمَ بِاللَّيْلِ فَشَفِّعْنِي فِيْهِ، قَالَ: فَيُشَفَّعَانِ.

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالْحَاكِمُ. وَقَالَ الْحَاكِمُ: هَذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ.

''حضرت عبد اللہ بن عمرو (بن العاص) رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: روزہ اور قرآن روزِ قیامت بندۂ مومن کے لئے شفاعت کریں گے۔ روزہ عرض کرے گا: اے اللہ! دن کے وقت میں نے اس کو کھانے اور شہوت سے روکے

١٢: أخرجه أحمد بن حنبل في المسند، ٢/١٧٤، الرقم: ٦٦٢٦، والحاكم في المستدرك، ١/٧٤٠، الرقم:٢٠٣٦، والبيهقي في شعب الإيمان، ٢/٣٤٦، الرقم:١٩٩٤، ورواه ابن أبي الدنيا في كتاب الجوع وغيره بإسناد حسن، وذكره المنذري في الترغيب والترهيب، ٢/٥٠، الرقم: ١٤٥٥، وقال: رواه الطبراني في الكبير ورجاله محتج بهم في الصحيح، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٣/١٨١۔

رکھا، پس اس کے حق میں میری شفاعت قبول فرما؛ اور قرآن کہے گا: میں نے رات کو اسے نیند سے روکے رکھا، پس اس کے حق میں میری شفاعت قبول فرما۔ آپ ﷺ نے فرمایا: پس دونوں کی شفاعت قبول کر لی جائے گی۔‘‘

اس حدیث کو امام احمد اور حاکم نے روایت کیا ہے۔ امام حاکم نے کہا: یہ حدیث صحیح ہے۔

١٣. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه، أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ صَعِدَ الْمِنبَرَ فَقَالَ: آمِيْنَ، آمِيْنَ، آمِيْنَ. قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللهِ، إِنَّکَ حِيْنَ صَعِدْتَ الْمِنبَرَ، قُلْتَ: آمِيْنَ، آمِيْنَ، آمِيْنَ؟ قَالَ: إِنَّ جِبْرِيْلَ أَتَانِي فَقَالَ: مَنْ أَدْرَکَ شَهْرَ رَمَضَانَ وَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ فَدَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللهُ، قُلْ: آمِيْنَ. فَقُلْتُ:

١٣: أخرجه ابن حبان في الصحيح، ٣/١٨٨، الرقم: ٩٠٧، وابن خزيمة في الصحيح، ٣/١٩٢، الرقم: ١٨٨٨، وأبو يعلى في المسند، ١٠/٣٢٨، الرقم: ٥٩٢٢، والبخاري في الأدب المفرد، ١/٢٢٥، الرقم: ٦٤٦، والبزار في المسند، ٤/٢٤٠، الرقم: ١٤٠٥، والطبراني في المعجم الأوسط، ٤/١٦٢، الرقم: ٣٨٧١، ٩/١٧، الرقم: ٨٩٩٤، وفي المعجم الكبير، ٢/٢٤٣، الرقم: ٢٠٢٢، وذكره المنذري في الترغيب والترهيب، ٣/٢١٨، الرقم: ٣٧٦١، والهيثمي في مجمع الزوائد، ٣/١٣٩، ١٠/١٦٤.

آمِيْنَ. وَمَنْ أَدْرَکَ أَبَوَيْهِ أَوْ أَحَدَهُمَا، فَلَمْ يَبَرَّهُمَا، فَمَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللهُ، قُلْ: آمِيْنَ. فَقُلْتُ: آمِيْنَ. وَمَنْ ذُکِرْتَ عِنْدَهُ، فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْکَ فَمَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ فَأَبْعَدَهُ اللهُ، قُلْ: آمِيْنَ. فَقُلْتُ: آمِيْنَ.

رَوَاهُ ابْنُ حِبَّانَ وَابْنُ خُزَيْمَةَ وَأَبُوْ يَعْلٰی وَالْبُخَارِيُّ فِي الْکَبِيْرِ. وَقَالَ الْمُنْذِرِيُّ: رَوَاهُ الطَّبَرَانِيُّ بِأَسَانِيْدَ أَحَدُهَا حَسَنٌ. وَقَالَ الْهَيْثَمِيُّ: رَوَاهُ الْبَزَّارُ عَنْ شَيْخِهِ مُحَمَّدِ بْنِ حَوَانٍ وَلَمْ أَعْرِفْهُ وَبَقِيَّةُ رِجَالِهِ وُثِّقُوْا.

’’حضرت ابو ہریرہ ﷺ روایت بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور فرمایا: آمین، آمین، آمین۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! (کیا وجہ ہے کہ) جب آپ منبر پر جلوہ گر ہوئے تو آپ نے کہا: آمین، آمین، آمین۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک جبرائیل امین میرے پاس آئے اور کہا: جو شخص رمضان کا مہینہ پائے اور اس کی بخشش نہ ہو اور وہ دوزخ میں داخل ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنی رحمت سے دور کرے۔ جبرائیل نے مجھ سے کہا: ’آپ اس پر ’’آمین‘‘ کہیں‘۔ پس میں نے ’’آمین‘‘ کہا۔ اور (جبرائیل نے) کہا: جس نے اپنے والدین یا ان میں سے کسی ایک کو بڑھاپے میں پایا اور ان کے ساتھ حسن سلوک سے پیش نہ آیا اور مر گیا تو جہنم کی آگ میں داخل ہو گیا، اللہ تعالیٰ اسے اپنی رحمت سے دور کرے۔ آپ اس پر ’’آمین‘‘ کہیں۔ پس میں نے ’’آمین‘‘ کہا۔ پھر کہا کہ وہ شخص جس کے

سامنے آپ کا ذکر کیا گیا اور اس نے آپ پر درود نہ بھیجا اور وہ مر گیا تو وہ جہنم کی آگ میں داخل ہو گیا۔ پس اللہ تعالیٰ اسے اپنی رحمت سے دور کرے۔ آپ اس پر ''آمین'' کہیں۔ تو میں نے اس پر بھی ''آمین'' کہا۔'

اس حدیث کو امام ابن حبان، ابن خزیمہ، ابویعلی اور بخاری نے 'التاریخ الکبیر' میں روایت کیا ہے۔ امام منذری نے فرمایا کہ اسے امام طبرانی نے دو اسناد سے روایت کیا، ان میں سے ایک حسن ہے۔ اور امام ہیثمی نے فرمایا: اسے امام بزار نے اپنے شیخ محمد بن حوان سے روایت کیا، اسے میں نہیں جانتا جبکہ بقیہ تمام رجال ثقہ ہیں۔

١٤. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ﷺ، أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا، غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

١٤: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الإيمان، باب تطوع قيام رمضان من الإيمان، ١/٢٢، الرقم: ٣٧، ومسلم في الصحيح، كتاب صلاة المسافرين وقصرها، باب الترغيب في قيام رمضان، ١/٥٢٣، الرقم: ٧٥٩، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٤٠٨، الرقم: ٩٢٧٧، والنسائي في السنن، كتاب قيام الليل وتطوع النهار، باب ثواب من قام رمضان إيمانا واحتسابا، ٣/٢٠١، الرقم: ١٦٠٢ـ ١٦٠٣ـ

’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو ماہِ رمضان المبارک میں بحالتِ ایمان ثواب کی نیت سے قیام کرے گا تو اس کے سابقہ گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔‘‘ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

قَالَ النَّوَوِيُّ: وَمَعْنَى احْتِسَابًا أَنْ يُرِيْدَ اللهَ تَعَالٰى وَحْدَهٗ لَا يَقْصِدُ رُؤْيَةَ النَّاسِ وَلَا غَيْرَ ذٰلِکَ مِمَّا يُخَالِفُ الْإِخْلَاصَ. وَالْمُرَادُ بِقِيَامِ رَمَضَانَ صَلَاةُ التَّرَاوِيْحِ، وَاتَّفَقَ الْعُلَمَاءُ عَلَى اسْتِحْبَابِهَا وَاخْتَلَفُوْا فِي أَنَّ الْاَفْضَلَ صَلَاتُهَا مُنْفَرِدًا فِي بَيْتِهٖ أَمْ فِي جَمَاعَةٍ فِي الْمَسْجِدِ. فَقَالَ الشَّافِعِيُّ وَجُمْهُوْرُ أَصْحَابِهٖ وَأَبُوْ حَنِيْفَةَ وَأَحْمَدُ وَبَعْضُ الْمَالِكِيَّةِ وَغَيْرُهُمْ: اَلْأَفْضَلُ صَلَاتُهَا جَمَاعَةً کَمَا فَعَلَهٗ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَالصَّحَابَةُ رضی اللہ عنہم. وَاسْتَمَرَّ عَمَلُ الْمُسْلِمِيْنَ عَلَيْهِ لِأَنَّهٗ مِنَ الشَّعَائِرِ الظَّاهِرَةِ، فَأَشْبَهَ صَلَاةَ الْعِيْدِ.(۱)

’’لفظ اِحتساب کا معنی یہ ہے کہ بندہ فقط اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک کی رضا چاہنے والا ہو، اور اس سے اس کا مقصد لوگوں کو دکھلاوا یا اس کے علاوہ دیگر اُمور نہ ہوں، جو اِخلاص کے منافی ہیں۔‘‘ اور رمضان میں قیام سے مراد یہ ہے کہ نماز تراویح قائم کرے، اس کے مستحب ہونے پر علماء کا اتفاق ہے۔ اختلاف اس مسئلہ میں ہے

(۱) النووي، شرح صحيح مسلم، ٦: ٣٩۔

کہ نماز تراویح اکیلے پڑھنا افضل ہے یا مسجد میں جماعت کے ساتھ ادا کرنا۔ تو اس پر امام شافعی اور ان کے پیروکار جمہور شوافع، امام ابو حنیفہ، امام احمد بن حنبل اور بعض مالکیوں اور دیگر علماء نے (نماز تراویح کو) جماعت کے ساتھ ادا کرنا افضل سمجھا ہے جیسے کہ سیدنا عمر بن خطاب ﷺ اور صحابہ کرام ﷺ نے ادا فرمائی اور بعد والے مسلمانوں نے بھی اس عمل (باجماعت نماز تراویح) کو جاری رکھا کیونکہ یہ اسلام کے ظاہری شعائر میں سے ایک ہے، اس لئے نمازِ عید کے ساتھ مشابہ ہوگئی۔‘‘

١٥. عَنِ النَّضْرِ بْنِ شَيْبَانَ أَنَّهُ لَقِيَ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، فَقَالَ لَهُ: حَدِّثْنِي بِأَفْضَلِ شَيْءٍ سَمِعْتَهُ يُذْكَرُ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ، فَقَالَ أَبُو سَلَمَةَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ أَنَّهُ ذَكَرَ شَهْرَ رَمَضَانَ فَفَضَّلَهُ عَلَى الشُّهُورِ، وَقَالَ: مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا خَرَجَ مِنْ ذُنُوبِهٖ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ.

١٥: أخرجه النسائي في السنن، كتاب الصيام، باب فضل الصيام، ١٥٨/٤، الرقم: ٢٢٠٨، وابن ماجه في السنن، كتاب إقامة الصلاة والسنة فيها، باب ما جاء في قيام شهر رمضان، ٤٢١/١، الرقم: ١٣٢٨، وابن خزيمة في الصحيح، ٣٣٥/٣، الرقم: ٢٢٠١، والمقدسي في الأحاديث المختارة، ١٠٦/٣، الرقم: ٩٠٨۔

رَوَاهُ اَلنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَه.

''حضرت نضر بن شیبان بیان کرتے ہیں کہ ان کی حضرت ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی تو ان سے کہا: مجھے رمضان المبارک کی عمدہ ترین فضیلت بیان کریں جو آپ نے سنی ہو۔ حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک حدیث بیان کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رمضان المبارک کا ذکر فرمایا تو اُسے سب مہینوں سے افضل قرار دیا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص رمضان المبارک میں ایمان کے ساتھ ثواب کی نیت سے قیام کرے تو وہ گناہوں سے ایسے پاک و صاف ہو گا جیسے وہ اس دن تھا جب اسے اس کی ماں نے جنا تھا۔'' اس حدیث کو امام نسائی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

١٦. عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: قَالَ اللهُ

١٦: أخرجه البخاري في الصحيح، كتاب الصوم، باب هل يقول إني صائم إذا شتم، ٢/٦٧٣، الرقم: ١٨٠٥، ومسلم في الصحيح، كتاب الصيام، باب فضل الصيام، ٢/٨٠٧، الرقم: ١١٥١، وأحمد بن حنبل في المسند، ٢/٢٣٢، الرقم: ٧١٧٤، والنسائي في السنن، كتاب الصيام، باب ذكر الاختلاف على أبى بن صالح فى هذا الحديث، ٤/١٦٢، الرقم: ٢٢١٣ـ ٢٢١٨، وفي السنن الكبرى، ٢/٩٠، الرقم: ٢٥٢٥ـ

ﷻ: كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهُ إِلَّا الصِّيَامَ، فَإِنَّهُ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهٖ، وَالصِّيَامُ جُنَّةٌ، وَإِذَا كَانَ يَوْمُ صَوْمِ أَحَدِكُمْ فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَصْخَبْ، فَإِنْ سَابَّهُ أَحَدٌ أَوْ قَاتَلَهُ فَلْيَقُلْ: إِنِّي امْرُؤٌ صَائِمٌ. وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ! لَخُلُوفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللهِ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ. لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ يَفْرَحُهُمَا: إِذَا أَفْطَرَ فَرِحَ، وَإِذَا لَقِيَ رَبَّهُ فَرِحَ بِصَوْمِهٖ. مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ.

''حضرت ابو ہریرہ ﷛ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (حدیث قدسی میں) اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: انسان کا ہر عمل اسی کے لئے ہے سوائے روزہ کے۔ روزہ صرف میرے لیے ہے اور میں ہی اس کا بدلہ دیتا ہوں اور روزہ ڈھال ہے۔ جس روز تم میں سے کوئی روزہ سے ہو تو نہ فحش کلامی کرے اور نہ جھگڑے۔ اور اگر اسے کوئی گالی دے یا اُس سے لڑے تو وہ یہ کہہ دے: میں روزہ سے ہوں۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں محمد کی جان ہے! روزہ دار کے منہ کی بُو اللہ ﷻ کے نزدیک مشک سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ روزہ دار کے لئے دو خوشیاں ہیں، جن سے اسے فرحت ہوتی ہے: ایک (فرحتِ اِفطار) جب وہ روزہ اِفطار کرتا ہے، اور دوسری (فرحتِ دیدار کہ) جب وہ اپنے رب سے ملے گا تو اپنے روزہ کے باعث خوش ہو گا۔'' یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

قَالَ الْعَسْقَلَانِيُّ: اخْتَلَفَ الْعُلَمَاءُ فِي الْمُرَادِ بِقَوْلِهٖ تَعَالٰى: اَلصِّيَامُ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهٖ؛ مَعَ أَنَّ الْأَعْمَالَ كُلَّهَا لَهٗ، وَهُوَ الَّذِي يَجْزِي بِهَا عَلَى أَقْوَالٍ أَحَدُهَا: أَنَّ الصَّوْمَ لَا يَقَعُ فِيْهِ الرِّيَاءُ كَمَا يَقَعُ فِي غَيْرِهٖ. حَكَاهُ الْمَازِرِيُّ وَنَقَلَهٗ عِيَاضٌ عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ. وَلَفْظُ أَبِي عُبَيْدٍ فِي غَرِيْبِهٖ: قَدْ عَلِمْنَا أَنَّ أَعْمَالَ الْبِرِّ كُلَّهَا لِلّٰهِ وَهُوَ الَّذِي يَجْزِي بِهَا فَنَرٰى، وَاللهُ أَعْلَمُ أَنَّهٗ إِنَّمَا خَصَّ الصِّيَامَ لِأَنَّهٗ لَيْسَ يَظْهَرُ مِنِ ابْنِ آدَمَ بِفِعْلِهٖ، وَإِنَّمَا هُوَ شَيْءٌ فِي الْقَلْبِ وَيُؤَيِّدُ هَذَا التَّأْوِيْلَ. قَوْلُهٗ: لَيْسَ فِي الصِّيَامِ رِيَاءٌ، حَدَّثَنِيْهِ شَبَابَةُ عَنْ عَقِيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ، فَذَكَرَهٗ يَعْنِي مُرْسَلًا، قَالَ: وَذٰلِكَ لِأَنَّ الْأَعْمَالَ لَا تَكُوْنُ إِلَّا بِالْحَرَكَاتِ إِلَّا الصَّوْمَ، فَإِنَّمَا هُوَ بِالنِّيَّةِ الَّتِي تَخْفٰى عَنِ النَّاسِ. هٰذَا وَجْهُ الْحَدِيْثِ عِنْدِي.(١)

’’حافظ عسقلانی کہتے ہیں: علماء نے اس قول - روزہ صرف میرے لئے ہے اور میں ہی اس کا بدلہ دیتا ہوں - کی مراد میں اختلاف فرمایا ہے اور کئی اقوال کی رُو سے فرمایا کہ سارے اعمال ہی اللہ کے لئے ہیں اور وہی ان کی جزاء دیتا ہے۔ جن

(١) العسقلاني، فتح الباري، ٤: ١٠٧

میں سے پہلا قول یہ ہے کہ روزہ ایسی عبادت ہے جس میں ریاء واقع نہیں ہوتی۔ جیسے باقی عبادات میں اس کے واقع ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ اسے امام مازری نے حکایت کیا ہے اور قاضی عیاض نے ابو عبید سے نقل کیا ہے جس کو ابو عبید نے اپنی کتاب الغریب میں بیان فرمایا کہ سارے اعمال حق (نیکی کے اعمال) اللہ کی ذات کے لئے ہیں، وہی ان کی جزاء دیتا ہے۔ پس ہمارا خیال ہے اور اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ اس (ذاتِ باری تعالیٰ) نے روزے کو اپنے ساتھ خاص فرمایا کیونکہ روزہ انسان کے کسی ظاہری عضو سے رونما نہیں ہوتا بلکہ یہ قلبی عبادت ہے۔ اور آپ ﷺ کا یہ ارشاد گرامی بھی اس تاویل کی تائید کرتا ہے: ''روزے میں ریاء کا شک و شبہ نہیں ہوتا۔'' اس کو شبابہ نے روایت کیا عقیل سے اور انہوں نے امام زہری سے (مرسلاً) ذکر فرمایا ہے کہ سارے اعمال حرکات سے ظاہر ہوتے ہیں سوائے روزہ کے، اس کا تعلق نیت سے ہے جو لوگوں سے چھپی ہوتی ہے۔'' (حافظ عسقلانی نے) کہا: میرے نزدیک یہی توجیہ اَحسن ہے۔''

قَالَ الْعَيْنِيُّ: قُلْتُ: أَمَّا رَمَضَانُ فَإِنَّهُ شَهْرٌ عَظِيمٌ، وَفِيهِ الصَّوْمُ وَفِيهِ لَيْلَةُ الْقَدْرِ، وَهُوَ مِنْ أَشْرَفِ الْعِبَادَاتِ. فَلِذٰلِکَ قَالَ: اَلصَّوْمُ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهٖ. فَلَا جَرَمَ يَتَضَاعَفُ ثَوَابُ الصَّدَقَةِ وَالْخَيْرُ فِيهِ وَكَذٰلِکَ الْعِبَادَاتُ. وَعَنْ هٰذَا قَالَ الزُّهْرِيُّ: تَسْبِيحَةٌ فِي

رَمَضَانَ خَيْرٌ مِنْ سَبْعِيْنَ فِي غَيْرِهٖ.(١)

''علامہ بدر الدین عینی فرماتے ہیں کہ رمضان کا مہینہ عظمت والا ہے کیونکہ اسی میں روزہ (جیسی عظیم عبادت) اور شب قدر (جیسی عظیم رات) ہے۔ اسی وجہ سے (حدیثِ قدسی میں رب تعالیٰ نے) فرمایا: روزہ تو فقط میرے لئے ہے اور میں ہی اس کی جزاء دینے والا ہوں۔ یقیناً اس ماہ مبارک میں صدقہ کا ثواب اور اعمال صالحہ و خیر اور اس طرح دیگر عبادات کا ثواب بھی کئی گنا بڑھا دیا جاتا ہے۔ اور اسی سے نتیجہ اخذ کرتے ہوئے امام زہری نے فرمایا: رمضان میں ایک تسبیح (رمضان کے علاوہ) مہینوں کی ستر (٧٠) تسبیحات سے افضل ہے۔''

